سوال

(155)چائنہ سلک کے دوپٹہ سے یا کوٹ پہن کر نماز جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

چائنہ سلک کے دوپٹہ سے یا کوٹ پہن کر نماز جائز ہے یا نہیں اور یہ کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میرے ناقص علم اور تحقیق میں چائنا سلک ریشم ہے۔ اس لیئے مردوں کو اس کا پہننا جائز نہیں۔ ٹسر ریشم نہیں بلکہ اس کے کیڑے الگ ہیں۔ اور ان کا توالد تناسل بھی الگ الگ ہے ریشمی کیڑے کا رنگ ٹسر پر نہیں آتا۔ اس لیئے ٹسر جائز ہے۔ اور چائنا سلک مردوں کو ہر گز جائز نہیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص130

محدث فتویٰ